حصہ ب (مختصر جواب کے سوالات)

سوال۲۔ مندرجہ ذیل جملوں میں روزمرہ اور محاورے کی جو غلطیاں ہیں۔ وہ درست کیجیے۔

(i) انسان پانی کا حباب ہے (ii) اچھا ہوا کہ وہ بدبخت دوزخ رسید ہوگیا

(iii) میری امیدوں پر شبنم پڑگئی (iv) آج کل اس کا دماغ فلک پر ہے

(v) آتش دان کی آتش بجھادو

سوال۳۔ اہل یونان کا سائنس کے ساتھ برتاؤ کیسا تھا؟ کوئی مثال دیجیے۔

سوال۴۔ ابن انشاء نے "سوق حمیدیہ" کے بارے میں جو لکھا ہے، وہ بیان کیجیے۔

سوال۵۔ مندرجہ ذیل دیے گئے الفاظ کے واحد لکھیے۔

عوارض ۔ آداب ۔ فرائض ۔ اقدار ۔ زوائد

سوال۶۔ بوڑھے ٹھیلے والے کو بری کیے جانے کی وجہ تحریر کیجیے۔

سوال۷۔ سرسید نے مشرقی اقوام کے زوال کی اصل وجہ کیا قرار دی ہے؟

سوال۸۔ درج ذیل میں سے مرکب عطفی اور مرکب اضافی کی نشاندہی کیجیے۔

لوح وقلم ۔ ویرانی دوراں ۔ نقش ونگار ۔ طرز تغافل ۔ اسباب غم

سوال۹۔ "میں بیلوں پر حکومت کرتا ہوں اور خود بیل بن کر محکوم نہیں بنتا۔" اس فقرے کے مفہوم بیان کیجیے۔

سوال۱۰۔ ماما عظمت کی کہانی میں ہمارے لیا کیا سبق ہے؟

سوال۱۱۔ مندرجہ ذیل محاورات کو جملوں میں استعمال کیجیے۔

غم کھانا ۔ قسم کھانا ۔ پچھاڑیں کھانا ۔ تین پانچ کرنا ۔ آنکھیں چرانا

سوال۱۲۔ سبق "میکسیکو سٹی اور میں" کی مصنفہ کو "میکسیکو کا باطن خوش مزاج" کیوں نظر آیا؟

سوال۱۳۔ تلمیح کی تعریف لکھیے اور شعر کے ذریعے مثال بھی دیجیے۔

سوال۱۴۔ ہندو راجا کے سپاہیوں نے نوجوان غازی کی مشکل کس طرح آسان کردی؟

حصہ ج (تفصیلی جواب کے سوالات)

نوٹ۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی بھی تین سوالات کے جواب دیجیے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔

سوال۱۵۔ درج ذیل اقتباس کی تشریح بحوالہ متن کیجیے۔

"ہمارے تیرے سوا کوئی نہیں ہے آسمان زمین ہمارے دشمن ہیں، تجھ بن کس سے کہوں۔ تو جس کو چاہے عزت دے، جس کو چاہے ذلت دے۔"

۔ مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح کیجیے شاعر کا حوالہ بھی دیجیے۔

(الف) سب کہاں کچھ لالہ وگل میں نمایاں ہوگئیں
خاک میں کیا صورتیں ہوں گی کہ پنہاں ہوگئیں

(ب) کٹ گئی احتیاط عشق میں عمر
ہم سے اظہار مدعا نہ ہوا

۔ سبق "آزادی کی راہ میں" یا نظم "تعلیمات نبوی صلی اللہ علیہ وسلم" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔

۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی بھی ایک عنوان پر مضمون تحریر کیجیے۔

ماحول کی آلودگی اور اس کا سد باب ۔ جچتے نہیں بخشے ہوئے فردوس نظر میں